मिलन की रात

ملن کی رات

اداکاران

شرمیلا ٹیگور ۔ سنجے ۔
ہیلن ۔ جانی واکر

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
گامن کی رات فلم کے

گانا نمبر ۱

بابو ... اے بابو ... بابو ... رے بابو
اس زمانے میں
زمانے میں دو چیزیں ہیں بری
ایک محبت کی نظر۔ دوجے، دوجے۔ چھری
اس زمانے میں —
چھری کا جو کام وہی نظروں کا کام ہے
یہ بھی بدنام ہے۔ وہ بھی بدنام ہے
ہر زمانے میں
زمانے میں دو چیزیں ہیں بری
ایک محبت کی —
ملے یہ سیانے کو تو بگڑی سنوار لے
دیوانے کے پاس ہو تو خود کو ہی مار لے
آ زمانے میں
زمانے میں دو چیزیں ہیں بری
ایک محبت کی —
پر ہے ضروری دونوں عالم کے واسطے
ایک دشمن کے واسطے۔ ایک بالم کے واسطے

ہاں لٹانے میں
زمانے میں دو چیزیں ہیں بُری
ایک محبت کی ——
اس زمانے میں ——

گانا نمبر ۲ :- آنکھ ملائے نا مسکرائے نا
میرا یار بڑا شرمیلا
دُور بھی جائے نا ۔ پاس بھی آئے نا
کیونکہ پیار بڑا شرمیلا
زُلفوں سے گھونگھٹ کا کام لے
ایسے کا کیا کوئی نام لے
نیند چرائے نا چین اُڑائے نا
یہ دلدار بڑا شرمیلا
میرا یار بڑا شرمیلا
ہر غم کی کوئی دوا ہے
دردِ دِل تو چیز کیا ہے
روگ بنائے نا ۔ جان بچائے نا
یہ بیمار بڑا شرمیلا
میرا یار بڑا شرمیلا
ہونٹوں پہ اِنکار سا ہے
نظروں میں اِقرار سا ہے
صاف بتائے نا ۔ صاف چھپائے نا

بے اعتبار بڑا ترسیلا
میرا یار بڑا ترسیلا

گانا نمبر ۳: لڑکی:۔ دم تارا... ایک دم تارا
دو دم تارے ایک دم تارا
رات میرے سپنوں میں آیا ایک آوارہ... میں مرگئی
لڑکیاں:۔ دم تارا...
لڑکی:۔ دھڑک گیا بھڑک گیا
دل بن کے انگارہ میں مرگئی
لڑکیاں:۔ دم تارا...
لڑکی:۔ اپنے ہی خیالوں میں میں کھوئی ہوئی تھی
تم ہی کہنا کوئی بھول کیا مجھ سے ہوئی تھی
چپکے سے آنگن میں سوئی ہوئی تھی
او... او... او...
ٹوٹی نیند... ٹوٹی نیند اس نے کنکر مارا
میں مرگئی

دم تارا

میں ایسی مدہوش ہوئی
کھو گئی بھول جوانی میں
ساجن اس کو مان لیا
ہو گئی بھول جوانی میں
یہ ساری بات ہوئی نادانی میں

او... او... او...
جان کا دشمن جو تھا۔ ہو گیا جان سے پیارا
میں مر گئی —
دُم تارا

گانا نمبر ۲: غم کی بدلی چھائی جدائی لے کے آئی ملن کی رات
او میرے راما رے تیری دُہائی ۔ جدائی لے کے —
اس رات کی ریت نہیں یہ
اس رُت کا گیت نہیں یہ
دُشمن ہے میت نہیں یہ میت نہیں یہ
چلی رہتی ہوئی پروائی بجے نا شہنائی ملن کی رات —
یوں بچھڑے ہم ساجن سے جیسے رم جھم ساون سے
کوئی پوچھے ٹوٹے من سے ۔ ٹوٹے من سے —
من تڑپا نظر بھر آئی یوں ہم نے بتائی ملن کی رات ۔ غم کی
دُکھ نے سارے سُکھ لوٹے ۔ سچ نکلے سپنے جھوٹے
سپنوں کے مندر ٹوٹے مندر ٹوٹے
روٹھے رادھا سے کرشن کنہائی کہ بانہہ چھڑائی ملن کی رات
غم کی بدلی —
بچھڑا ایک ماں سے دُلارا دُوجا اس آنکھ کا تارا
ٹوٹا اس من کا سہارا من کا سہارا
ہم سے آنگن میں بھیں خدائی بدل کر آئی ملن کی رات
غم کی بدلی

گانا نمبر ۵

چنتا مت کر پوری ماتا دُور جو میں ہو جاؤں گا
تجھ سے ملنے سب سے چھپ کے
سپنوں میں آ جاؤں گا
چلنا مت کر ــــ
میں تیری آنکھ کا تارا دو دن کا ہے اندھیارا
میں ڈھونڈھ کے لے آؤں گا تیرا کھویا اُجیارا
اپنے خون سے بھی میں تیرے آنگن دیپ جلاؤں گا
چنتا مت کر ــــ
گاؤں گا آج میں لوری آنند یا جوری چوری
او میری ماتا تجھ کو لگ جائے عمر یا موری
تو نے مجھ کو روز سلایا۔ آج تجھے میں سلاؤں گا
چنتا مت کر ــــ
مت رو یہ سوچ کے نینیاں
ڈھونڈ تھکی تجھے میری انکھیاں
بیتے گی اکیلے کیسے تیرے بن میری رتیاں
نیند مجھے آ ہی جائے گی
رو رو کے سو جاؤں گی
چلنا مت کر ــــ

تمام شد

عملیات تسخیر مجرب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے۔ اور پھر کہاں سہتے سہتے عاجز آگئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔ ابتک اس کتاب کی لاکھوں کا پیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزار ہا حاجتمند اس سے فائدہ اُٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اُٹھایئے۔

قیمت صرف ۱/۱۰ علاوہ محصول ڈاک خرچ

مکمل مرغی خانہ مکمل ہر سہ حصہ

یعنی

تجارتی مرغی خانہ۔ کامیاب مرغی خانہ طبیب مرغی خانہ جس میں مرغیوں کے پالنے پرورش کرنے اُنکی نسل افزائی کرنے کے کامیاب طریقے۔ انڈوں سے بچے نکالنا اُنکے ہر مرض کا علاج اور دیگر اہم معلومات درج ہیں

قیمت صرف ۱/۱/۴ علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

ریڈیو گائڈ

ریڈیو کے کام کو بطور پیشہ اختیار کرنے کے علاوہ شوقیہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کتاب میں آجکل کے تمام ریڈیو ریسیور یعنی لوکل سیٹ۔ آل انڈیا ریڈیو سیٹ۔ بجلی اور بیٹری کے ریڈیو ٹرانسمیشن کا پورا پورا بیان ہے۔ اور ان کے ریپیئر کرنے کا طریقہ اور ٹرانسمیٹر کا پورا پورا حال درج ہے۔ ریڈیو سیٹ کے ہر ایک پرزے کی شکل دکھا کر سمجھایا گیا ہے۔ کتاب ہذا ایک مبتدی یعنی جو آدمی ریڈیو کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا اس کے لئے ریڈیو کے متعلق بہترین مقالات اور اشارات اور نکات مفصل طور سے درج ہیں۔ قصہ کوتاہ ریڈیو کے متعلق تمام باریکیاں بخوبی سمجھائی گئی ہیں جن کی مدد سے ہر ایک شخص آسانی سے شوق اور خود کے لحاظ سے ماسٹر آف ریڈیو بن سکتا ہے۔ عوام ریڈیو کے کاروبار سے تعلق رکھنے والے حضرات آج ہی اس نادر کتاب کی ایک جلد منگا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی